AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS XII

ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023

Pakistan Studies Paper II

Time: 1 hour 5 minutes   Marks: 20

Annual AKU-EB Examination 2023 for Teaching and Learning only

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔

امیدوار کے دستخط

خصوصی ہدایت

2۔ اس پرچے میں کل **چھے** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 3 نمبر)

پاکستان اپنے تمام شہریوں کو مساوی حقوق دینے میں کامیاب رہا ہے۔

کیا آپ دیے گئے بیان سے متفق ہیں یا نہیں ؟ کوئی **دو** وجوہات کی مدد سے اپنے جواب کا جواز پیش کیجیے۔

سوال۔2 (کل 3 نمبر)

پاکستان کی آئینی تاریخ میں 1949 کی قراردادِ مقاصد کی اہمیت کو **تین** نکات میں بیان کیجیے۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

سوال۔3 (کل 2 نمبر)

جنزل پرویز مشرف کی حکومت کے متعارف کردہ بلدیاتی نظام 2001 کی کوئی **دو** خصوصیات تحریر کیجیے۔

سوال۔4 (کل 3 نمبر)

ذوالفقار علی بھٹو نے (1971-1977) میں ادویات کے برانڈ کے نام کے استعمال پر پابندی عائد کر دی تھی۔

(الف)۔ مذکورہ اقدام کی **دو** وجوہات بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب)۔ دیے گئے فیصلے سے پاکستان کی معیشت پر پڑنے والا کوئی **ایک** اثر بیان کیجیے۔ (1 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

سوال۔5 (کل 3 نمبر)

تنظیم تعاون اسلامی (OIC) کو ایک مؤثر ادارہ بنانے میں پاکستان کے کردار کو **تین** نکات میں تحریر کیجیے۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

سوال۔6 (کل 6 نمبر)

(الف) 2010 میں پاکستان کے آئین میں ہونے والی اٹھارہویں ترمیم (18^{th} amendment) کے مطابق، عوام کو تعلیم کا حق حاصل ہے۔

آپ کے خیال میں آج 13 سال بعد، کیا پاکستان کے تمام شہریوں کو یہ حق مل رہا ہے؟ **پانچ** وجوہات مع جواز پیش کیجیے۔

یا

(ب) 1980 اور 1990 کے دوران پاکستان، افغان جنگ میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا فرنٹ لائن (front line) اتحادی بن گیا۔

اس جنگ میں امریکہ کا اتحادی ہونے کے ناطے پاکستان پر مرتب ہونے والے **تین** مثبت اور **تین** منفی اثرات بیان کیجیے۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

اختتام

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only